سیرت پاک
اعلیٰ حضرت بریلوی
امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ
سید ارتضیٰ علی کرمانی

ملک سخن کی شاہی تم کو رضا مسلم
جس سمت آگئے ہو سکے بٹھا دیتے ہیں

سیرت پاک

امام اہل سنت، عاشق خیر الانام، مجدد برحق، مفسر اعظم
فقیہ لاثانی، محدث، قادری، برکاتی
حضرت احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
المعروف

اعلیٰحضرت بریلویؒ

از

سید ارتضیٰ علی کرمانی

عظیم اینڈ سنز پبلیشرز
الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور

2000ء

محمد عظیم بٹ نے

گنج شکر پرنٹرز سے چھپوا کر

الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

سے شائع کی

قیمت 60/-

رہے اور حاسدین اپنے ہی حسد کی آگ میں چلتے رہے۔ ایک انسان کا اس قدر عروج اس کو بے انتہا محسود خلائق بنا دیتا ہے۔ اس سے حاسد دنیا بے انتہا حسد محسود کرنے لگتی ہے اس محسوس خلائق میں اگر کوئی برائی نہیں ملتی تو خبیث خلائق اس کے لئے دل سے عیوب تراشنے لگتی ہے اور اپنی اس گندگی کو خوب اچھالتی ہیں بالکل یہی اعلیٰ حضرت کے ساتھ بھی ہوا اور اب تلک ہو رہا ہے اور آئندہ بھی ہوتا رہے گا۔ یہ تو دنیا کا روز مرہ ہے کہ کسی نان شبینہ کے محتاج کو اگر دو وقت کی روٹی ملنے لگے تو لوگ اس سے حسد کرنے لگتے ہیں۔

اعلیٰ حضرت کو جو عظیم ترین دولت دین و دنیا بہ صدقہ رسول کریم ؐ رب العزت عزوجل نے عطا فرمائی' وہ علوم کی کثرت اور بے حد و حساب عزت وقار اور بہت ہی زیادہ دینی خدمات کی فراواں دولت تھی۔ اس سے لازمی طور پر حسد کے بلند شعلے بھڑکنا ہی تھے اور وہ بھڑک اٹھے اور منظرعام پر آگئے۔ اسی طرح آئندہ بھی بھڑکتے نظر آتے رہیں گے۔ اس لئے کہ جب تک دین باقی ہے آپ کی دینی خدمات کو دنیا کسی طرح فراموش نہیں کر سکتی اور جب کی آپ عظمت کی بات ہوگی تو حاسد بے قابو ہو کر آپ کے خلاف دریدہ دہنی کا ثبوت تو دیں گے۔ ایک شاعر نے کیا خوب کہا کہ ؎

حاسد' حسد کی آگ میں یونہی جلا کرے
وہ شمع کیا بجھے' جسے روشن خدا کرے

* @ * @ *